مستقل خریدار توجہ فرمائیں

براہ کرم بوقت خط و کتابت آپ کے پتے پر درج خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں تاکہ آپ کی شکایت پر فوری عمل کیا جاسکے۔

سرکولیشن منیجر

یونائیٹڈ واشنگ مشین

TRADE MARK

UNITED®

UNITED

سلیم الیکٹرک انڈسٹری

کتاب نما

اشاریہ تفہیم القرآن، مرتبین: ڈاکٹر خالد علوی، ڈاکٹر جنید شوکت۔ ناشر: ادارہ ترجمان القرآن، اردو بازار، لاہور۔ صفحات ۴۸۱۔ قیمت درج نہیں۔

قرآن حکیم کی اردو تفسیروں میں سید مودودی کی ''تفہیم القرآن'' اس وقت سب سے مقبول تفسیر ہے۔ بلامبالغہ لاکھوں انسان اس کے مطالعے سے فیض یاب ہوئے، اور ہو رہے ہیں۔ اس تفسیر کی منفرد خصوصیت یہ ہے کہ مطالعہ کنندگان کی رہنمائی کے لیے، اس کی ہر جلد کے آخر میں ''فہرست موضوعات'' موجود ہے۔ اس بات کی اشد ضرورت تھی کہ تمام ۶ جلدوں کا ایک مکمل اشاریہ بنایا جائے تاکہ قاری کو ہر جلد کے آخر میں شامل اشاریے کے اوراق الٹنے کی مشکل پیش نہ آئے۔ زیر نظر کتاب میں، موجود فہارس کو یکجا کر کے یہی گراں قدر خدمت انجام دی گئی ہے۔

اس اشاریے میں تفہیم کی ۶ جلدوں کی فہارس کو جلدوار یکجا کیا گیا ہے۔ چنانچہ ایک ہی موضوع کے ذیلی عنوانات، الگ الگ جلد نمبروں کے تحت بکھرے ہوئے ہیں اور یہ ایک جیسے بھی نہیں ہیں۔ یہ اشاریہ کہیں زیادہ مفید ہو سکتا تھا، اگر تین باتوں کا مزید اہتمام کر لیا جاتا:

اول: موضوعات اور ان کے ذیلی عنوانات معنوی و لفظی اعتبار سے یکساں بنا دیے جاتے۔

دوم: ذیلی عنوانات جلدوار نہیں بلکہ عنوان وار مرتب کیے جاتے۔

سوم: عنوانات اور حوالوں کے صفحات نمبر کو باہم چیک کر لیا جاتا۔

ان امور کی ضرورت و اہمیت کا اندازہ ایک مثال سے ہو سکے گا۔ جلد اول کے تحت آدم علیہ السلام عنوان کے سامنے صفحات نمبر ۱۷، ۶۳ اور ۶۴ درج ہیں جبکہ ذکر آدم ص ۶۸ تک چلتا ہے، اور صفحات ۶۵ تا ۶۸ پر آدم کے ساتھ حوا کا بھی ذکر ہے۔ اس لیے اوّل تو یہاں ۶۵ تا ۶۸ صفحات کے شمار نمبر درج کرنا ضروری تھا۔ دوسرے یہاں آدم و حوا کا، اور حوا کا اضافی عنوان مطلوب تھا۔ اب ''جلد دوم'' کے تحت ذیلی عنوان: قصۂ آدم و حوا، جلد اوّل کے ذیلی عنوان سے مختلف ہے۔ پھر اس عنوان